تعارف وتبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام مجلہ : ذکریٰ جدید، نئی دہلی (اسلام کا خاندانی نظام نمبر)

مدیر اعلیٰ : مولانا محمد یوسف اصلاحی

ضخامت : 256 صفحات ۔ اشاعت: نومبر 2006ء ۔ قیمت: 35 ہندوستانی روپیہ

ملنے کا پتہ: 51۔اے، جوہری فارم، جامعہ نگر، نئی دہلی

''ذکریٰ جدید'' ایک معیاری اسلامی مجلہ ہے، جس کے مدیر اعلیٰ مولانا محمد یوسف اصلاحی درد دل رکھنے والے بلند پایہ عالم دین اور منجھے ہوئے صحافی ہیں۔ انڈیا سے شائع ہونے والے ماہوار اسلامی رسالوں میں ''ذکریٰ جدید'' امتیازی حیثیت کا حامل ہے۔

زیر تبصرہ شمارہ ''ذکریٰ جدید'' کی خصوصی اشاعت ہے، جس میں اسلام کے خاندانی نظام کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مسلمانوں کی ایک عظیم اکثریت کو اسلامی طرزِ معاشرت سے آگاہی نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مغرب کی مادی ترقی سے مرعوب ہو کر وہاں کی آزاد خیالی کی کشش محسوس کر رہے ہیں۔ حالانکہ اسلام کا خاندانی نظام خود خالق کا بنایا ہوا ہے جو اپنی مخلوق کی ضرورتوں، مصلحتوں، کمزوریوں اور صلاحیتوں کو خوب جانتا ہے۔ اسلام نے عورت اور مرد کے حقوق و فرائض کا تعین بھی کیا ہے اور اُن کے دائرہ ہائے کار بھی متعین کر دیے ہیں۔ عورت کو باوقار شخصیت تسلیم کیا گیا ہے اور اسے مرد کے ہاتھ میں کھلونا قرار نہیں دیا گیا۔ نکاح اور طلاق کے حدود و قیود کا واضح تعین کر دیا گیا ہے۔

ذکریٰ جدید کے اس خصوصی شمارے میں اسلام کے خاندانی نظام پر انتہائی جامعیت کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے اور وہ تمام شکوک وشبہات بڑے احسن طریقے اور خوبی کے ساتھ دور کر دیے گئے ہیں جو ناواقف حال غیر مسلموں اور خود مسلمانوں کے ہاں پائے جاتے ہیں۔ خاص طور پر اسلام کے عائلی نظام میں عورت کا پردہ، تعددِ ازدواج، نکاحِ ثانی، طلاق کا حق، ضبطِ ولادت کی مخالفت، نظامِ وراثت، آزادیٔ نسواں جیسے عنوانات پر پائی جانے والی غلط فہمیوں کو نہایت احسن اور مدلل انداز میں دُور کیا گیا ہے۔ جو بھی طالب حق ان مضامین کا تعصب کی عینک اتار کر مطالعہ کرے گا وہ یقیناً راہِ صواب پا کر دل کا اطمینان حاصل کر لے گا۔ اکثر مضامین نامور اور راسخ العلم علماء کے قلم سے ہیں، جن میں مدیر اعلیٰ کے

علاوہ سید محمد رابع حسنی ندوی‘ سید جلال الدین عمری‘ سید ابوالحسن علی حسنی ندوی‘ سید ابوالاعلیٰ مودودی‘ برہان الدین سنبھلی اور حافظ حفیظ الرحمٰن اسعد عمری مدنی جیسے اعاظمِ رجال شامل ہیں۔

ذکریٰ جدید کے اس خصوصی شمارے کا مطالعہ تمام پڑھے لکھے مسلمانوں کو کرنا چاہیے تاکہ وہ باطل کی طرف سے تنقید کا نشانہ بننے والے موضوعات کے متعلق اصل حقائق سے آگاہ ہو سکیں اور اپنے ناواقف مسلمان بھائیوں اور دوسرے غیر مسلم افراد تک‘ جو بات سمجھنے کا ارادہ رکھتے ہوں‘ یہ تحریریں پہنچا سکیں۔ حق تو یہ ہے کہ ذکریٰ جدید کا یہ خصوصی شمارہ اسلام کے خاندانی نظام پر ایک جامع دستاویز ہے۔

ادارہ ”حکمت قرآن“ نے ”ذکریٰ جدید“ کا یہ خصوصی شمارہ محدود تعداد میں انڈیا سے منگوایا ہے۔ اسے حاصل کرنے کے لیے خواہش مند حضرات 70 روپے (پاکستانی) پروفیسر محمد یونس جنجوعہ کے نام بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں‘ انہیں یہ شمارہ رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کر دیا جائے گا۔

(۲)

نام کتاب : معلم لغۃ القرآن

مصنف : سید اعجاز حیدر

ضخامت : 288 صفحات ۔ قیمت: 180 روپے

ملنے کا پتہ: دار التذکیر‘ رحمٰن مارکیٹ‘ غزنی سٹریٹ‘ اردو بازار لاہور

عربی ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی زبان ہے۔ قرآن مجید بھی عربی زبان میں ہے۔ اہل جنت کی زبان بھی عربی ہوگی۔ اسلامی تعلیمات سے واقف ہونا ہر مسلمان کے لیے لازم ہے۔ اسلامی تعلیمات کا سرچشمۂ اوّل قرآن مجید ہے۔ لہٰذا قرآن کو سمجھنے کے لیے عربی زبان سے واقفیت ضروری ہے۔ عربی سکھانے والی سینکڑوں کتابیں بازار میں موجود ہیں۔ ہر مصنف نے کوشش کی ہے کہ آسان سے آسان انداز میں عربی سکھانے کا اہتمام کیا جائے۔ چنانچہ اسی جذبہ کے تحت یہ کتاب معلم لغۃ القرآن لکھی گئی ہے‘ جس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں سمجھانے کے لیے تمام مثالیں قرآنی الفاظ و آیات سے لی گئی ہیں۔ مصنف نے بڑے سلیقے کے ساتھ اسباق کو ترتیب دیا ہے اور ہر قاعدہ سکھانے کے بعد مثالوں کے ذریعے اس کی مشق کرائی گئی ہے۔ ہر سبق کے آخر میں عربی سے اردو اور اردو سے عربی ترجمے کے لیے جملے دیے گئے ہیں۔ سادہ اندازِ تفہیم کی وجہ سے اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے دلچسپی کے ساتھ اسباق میں آگے بڑھتے جائیں گے اور لگاتار محنت کرنے والے گوہرِ مقصود حاصل کر لیں گے‘ یعنی قرآن مجید کی آیات کا مطلب سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔